
© rasailojaraid.com

ادارہ



# تعارف تبصرہ کتب

کتاب: قرآن میں کیا ہے؟ (دو حصے مکمل) مرتب: ابن غوری

ضخامت مکمل دو جلد حصہ اول: ۶۱۴ ۔ دوم: ۴۹۶ صفحات قیمت سادہ ایڈیشن: ۵۰۰ روپے

قیمت اعلیٰ ایڈیشن: ۹۰۰ روپے ناشر: زمزم پبلشرز کراچی

زیر تبصرہ کتاب میں قرآن مجید کے تیس پاروں کے مضامین کا خلاصہ پیش کیا گیا وہ اہل ذوق حضرات جو مختصر وقت میں اللہ کا کلام اور پیغام سننا چاہتے ہیں' یہ ان کے لئے بہترین تحفہ ہے اور اس پر مستزاد یہ کہ تراویح میں مصلیوں کو مضامین قرآن سے روشناس کرانے کے لئے ایک رہنما کتاب ہے اس کے متعلق مفکر اسلام مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ فرماتے ہیں:

''ایک عام مسلمان کی ذمہ داری ہے کہ وہ قرآن کی تلاوت کرنے کے ساتھ قرآن کے معانی ومطالب سے واقف ہونے کی حتی الامکان کوشش کرے،۔عربی زبان سے ناواقف ہونے کی صورت میں معتبر علماء کے لکھے تراجم قرآن اور تفاسیر سے استفادہ کرے۔کوئی بات سمجھ میں نہ آئے یا اشکال پیدا ہو تو مستند علماء کی طرف رجوع کرے۔اس کے باوجود سمجھ میں نہ آئے تو اپنی کم علمی اور کوتاہ فہمی پر محمول کرے۔

قرآن کے مضامین وافادات کو اردو داں حلقہ تک پہنچانے کی بہت سی قابل قدر کوششیں ہو چکی ہیں۔اس سلسلہ کی ایک کڑی جناب ابن غوری صاحب کی کتاب ''قرآن میں کیا ہے؟'' بھی ہے۔موصوف نے سورۂ فاتحہ سے لے کر سورۂ انفال تک (اب دو جلدوں میں مکمل) تفسیری افادت اس مجموعے میں شامل کئے ہیں۔آیات وافادات کے انتخاب میں تذکیر ودعوت اور عبرت پذیری کا پہلو غالب ہے۔احتیاط یہ برتی ہے کہ ترجمے اور تفسیری افادات اردو کی دو مستند ترین تفسیروں معارف القرآن (مفتی محمد شفیع صاحبؒ) اور تفسیر ماجدی (مولانا عبدالماجد دریابادیؒ) سے اخذ کئے ہیں۔اس طرح یہ مجموعہ مضامین قرآن کا حسین گلدستہ بن گیا ہے۔ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ابن غوری صاحب کی اس کوشش کو قبول فرمائے۔اسے ان کے اور امت مسلمہ کے حق میں نافع بنائے اور تمام مسلمانوں اور انسانوں کو قرآن کے چشمہ فیض سے سیرابی کی توفیق عطا فرمائے۔''

زمزم پبلشرز نے اس کتاب کی اشاعت میں اپنی روایتی نفاست کا مظاہرہ کیا۔اور اعلیٰ کاغذ دیدہ زیب کے ساتھ شائقین علوم القرآن کے لئے بہت ہی اعلیٰ تحفہ پیش کیا ہے۔یہ کتاب ہر گھر' ہر مدرسہ اور ہر لائبریری کی ضرورت ہے

© rasailojaraid.com